مصوری اور ڈرائنگ کا مزہ لیں

مصوری اور ڈرائنگ سے آپ کو بچے کو اپنا ارتکاز، تخلیقیت اور لکھنے کے لئے درکار مہارتوں کو پروان چڑھانے میں مدد ملتی ہے۔

نشان لگانے والی مختلف چیزیں استعمال کیجئے - رنگین ٹکڑے، پنسلیں، شیونگ فوم اور پینٹ۔ باغ میں کچھ پتھروں پر رنگوں کا برش اور پانی استعمال کرنا دلچسپ کام ہوسکتا ہے۔

ستارہ اشارہ

تخلیقی بنیں۔ مختلف انواع کی اشیا جیسے پر، سیپیاں یا لکڑیوں سے بنی تصویروں پر نشان لگانے، تصویر بنانے اور اسے جوڑنے کے لیے اپنے بچے کی حوصلہ افزائی کیجیے۔

رسالوں میں سے پسندیدہ تصویریں کاٹ لیں اور کولاجز بنائیں۔

چھوٹی گپ شپ کا آئیڈیا

اپنے بچے کی کھینچی ہوئی لکیروں کے بارے میں بات کریں اور ان سے پوچھیں کہ انہوں نے کیا بنایا ہے۔ ان اشکال اور خاکوں کو چن لیں جو قابلِ شناخت ہوں اور کچھ خود بنالیں۔

خود اپنی میموری بک کیسے بنائی جائے

آپ کو کیا چاہیے ہو گا

- ایک سکریپ بک
- پین، رنگین مومی پنسل اور پنسلیں
- فوٹوگرافس
- رسالے اور کیٹلاگز
- بچوں- کی محفوظ قینچی
- گوند

آپ کو کیا کرنا ہو گا

- اپنی میموری بک کا اگلا صفحہ سجانے میں اپنے بچے کی مدد کیجئے۔ اکٹھے مل کر اس پر ان کا نام لکھیں۔
- ان کی پسندیدہ چیزوں کے بارے میں الفاظ یا خاکوں کا اضافہ کیجئے، جیسے کھانے، جگہیں یا کھلونے، یا آپ کے خاندان یا پالتو جانوروں کے فوٹوز۔
- جب آپ باہر ہوں تو بس کے اور دوسرے ٹکٹس اکٹھے کریں اور اپنے بچے کو اس میں لگانے دیجئے۔
- اپنی میموری بک کو پرلطف اور رنگین بنانے کے لئے اپنے بچے کو رنگین شے، پینٹ، سٹیکرز یا کسی چیز کے استعمال کی کوشش کرنے دیں۔